رانجھا صاحب فارسی سے اردو ترجمہ کرنے کا اچھا سلکہ رکھتے ھیں اور اگر انھوں نے تراجم کا سلسلہ جاری رکھا تو ان سے کافی توقعات وابستہ کی جا سکتی ھیں ۔ موصوف اور اسلامک بک فاؤنڈیشن کے کار پرداز اس پیشکش پر مبارکباد کے مستحق ھیں ۔ فاؤنڈیشن نے طباعت کا عمدہ معیار قائم کیا ھے ۔

(اختر راھی)

تعارف قران

۸۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب حافظ قاری فیوض الرحمن کی ایک اچھی علمی کوشش ھے جس کو پاکستان بک سنٹر لاھور نے شائع کیا ھے ۔ اس میں لفظ ''قرآن'' کی لغوی تشریح، وحی پر مفصل بحث، نزول قرآن اور قرآن کریم کی حفاظت پر دلنشین پیرائے میں گفتگو کی گئی ھے ۔ قاری موصوف ایک عرصہ سے گورنمنٹ کالج ایبٹ آباد میں علوم اسلامیہ کے استاذ ھیں ۔ وہ طلبہ کی نفسیات اور ذھنی ساخت سے بخوبی واقف ھیں ۔ اور یہ کتاب چونکہ طلبہ ھی کے لئے لکھی گئی ھے اس لئے اپنے مقصد میں پوری طرح کامیاب ثابت ھوئی ھے ۔ البتہ جھاں انھوں نے قرآن مجید کے اھم اردو تراجم کا ذکر کیا ھے وھاں انھوں نے مولانا احمد رضاخاں کے ترجمے کو نظر انداز کردیا ھے ۔ کتاب کی طباعت عمدہ ھے ۔ قیمت صرف ایک روپیہ پچاس پیسے ھے جو زیادہ نہیں ھے ۔

(جی اے حق محمد)

۶۸

قصائد حسان رض

۲۱۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مولانا محمد عارف اور قاری فیوض الرحمن کی کوششوں کا نچوڑ ہے ۔ حضرت حسان بن ثابت رض کے منتخب قصائد کا ترجمہ مشکل الفاظ کے لغوی معانی اور تشریح قلمبند کی گئی ہے ۔ جمعیۃ قوۃ الاسلام لاھور کی طرف سے شائع کی جانے والی یہ کتاب بھی کالج اور یونیورسٹی کے طلبہ کے لئے لکھی گئی ہے جس سے دوسرے لوگ بھی استفادہ کر سکتے ھیں ۔ اس مختصر کتاب میں حضرت حسان رض کے حالات زندگی کے ساتھ ان کی شاعری کی خصوصیات پر بھی جامعیت کے ساتھ بہت اچھا تبصرہ کیا گیا ہے ۔ کہیں کہیں حاشیہ میں وہ واقعات بھی درج ھیں جن سے متاثر ھو کر حضرت حسان رض نے شعر کہے ۔

(جی اے حق محمد)